
# 2024 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ میں تقریباً دو تہائی (61%) کاروباری ادارے آنے والے وقت میں اپنے کاروباری حالات / کارکردگی کی بہتری کے حوالے سے پراُمیدنظر آئے

یہ شرح 2024 کی دوسری سہ ماہی رپورٹ کی نسبت 19% زیادہ رہی ۔






کاروبار کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ ماضی کی نسبت آنے والا وقت کاروبار کے حوالے سے کیسا ہو گا ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز
## رائے عامہ سروے
## معیشت
## عمومی

## ہر 2 میں سے 1 (49%) کاروباری ادارے نے خود کو خطرہ مول لینے والا قرار دیا، ٹریڈرز/ تاجر (67%) اس حوالے سے شرح میں سب سے آگے دیکھائی دیئے۔

**(گیلپ پاکستان بزنس کانفیڈنس انڈکس)،**


(اسلام آباد) ،28 فروری، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 2 میں سے 1 (49%) کاروباری ادارے نے خود کو خطرہ مول لینے والا قرار دیا، ٹریڈرز/ تاجر (67%) اس حوالے سے شرح میں سب سے آگے دیکھائی دیئے۔

بزنس کانفیڈنس سروے Q4 2024 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کے لیے، براہ مہربانی یہاں کلک کریں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب کاروباری اداروں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ اپنے آپ کو کیسے بیان کریں گے۔ کیا آپ خطرہ مول لینے والے ہیں یا خطرہ مول لینے والے نہیں ہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 16% کاروباری اداروں کے مطابق وہ ''بڑا خطرہ مول لینے والے'' ہیں، 33% کاروباری اداروں کے مطابق'' کچھ خطرہ مول لینے والے''، 24% کاروباری اداروں کے مطابق'' بہت زیادہ خطرہ لینے والا نہیں''، جبکہ 27% کاروباری اداروں کے مطابق وہ ''بالکل بھی خطرہ مول لینے والے نہیں'' ہیں۔

**''آپ اپنے آپ کو کیسے بیان کریں گے۔ کیا آپ خطرہ مول لینے والے ہیں یا خطرہ مول لینے والے نہیں ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

خطرہ مول لینے والے کاروباری اداروں میں، تاجر اب تک سب سے زیادہ خطرہ مول لینے والے دیکھائی دیئے، جس میں تاجروں کی 67% شرح نے خود کو یا تو 'بڑا خطرہ مول لینے والا' یا 'کسی حد تک خطرہ مول لینے والا' قرار دیا۔ اسی حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح سروسز فراہم کرنے والے کاروباری اداروں میں 49% اور اشیاء تیار کرنے والے کاروباری اداروں میں 35% پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 482 کاروباری اداروں سے 21 جنوری تا 28 جنوری 2025 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 28th February 2025**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)